© rasailojaraid.com


**شہید صدر جنرل محمد ضیاء الحق** از راجہ محمد شریف صاحب ملنے کا پتہ: زاہد اکیڈیمی ۔ رائے شوگر ملز کالونی ۔ جوہر آباد، سرگودھا ۔ دبیز نفیس کاغذ کے ۱۱ صفحوں میں مؤلف نے شہید ضیاء الحق کو منظوم خراج پیش کیا ہے ۔ طباعت و کتابت خوب صورت ہے ۔ وہ شخص جس کی زندگی میں کئی اطراف سے سنگ باری ہوتی رہی، آج اس پہ پھولوں کی چادریں بھی اور شعروں کے گلدستے بھی نچھاور کیے جا رہے ہیں ۔

---

**الحدید** مدیر محمد اکرام قریشی ۔ مقام اشاعت: ۱۰۲ مرغزار کالونی، گجرات ۔ دفتر رابطہ: الحدید، گجرات روڈ، جلال پور جٹاں ۔ قیمت فی پرچہ ۱/- روپیہ

الحدید کے نام کی مناسبت نہ صرف یہ ہے کہ یہ آہنی مشینوں سے کام لینے والے ایک صنعتی شہر سے نکلتا ہے ۔ بلکہ یہ بھی کہ غلبۂ حق کے لیے انسان کو حدیدی صفات کے ساتھ زندگی بسر کرنی چاہیئے ۔ رسالے میں حالاتِ حاضرہ، اپنے علاقی مسائل، اہم ملکی معاملات، دینی حقائق پر بحثیں اور پاکیزہ نظمیں شامل ہوتی ہیں جن کا مقصد فلاح و تعمیر ہے ۔

---

**پردہ ایک اسلامی شعار** از جناب محمد اکرام قریشی ایم اے ۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، سیالکوٹ صفحات: ۱۶ ۔ (مفت تقسیم)

چھوٹے سے پمفلٹ میں بہت اچھا قابلِ غور مواد اور حوالے جمع کر دیئے گئے ہیں ۔ یعنی مختلف اصحاب کی کاوشیں یکجا ملیں گی ۔

---

**حیات النبیؐ ایک نظر میں** از محمد اکرام قریشی ایم اے ۔ ناشر: احیائے دین لائبریری، سیالکوٹ ۔

سیرت پاک کی بہت اچھی تلخیص ۔ مقصد تبلیغ ۔

---

**فیصلہ کیجیے** از: مولانا راحت گل ۔ شائع کردہ: مرکز علومِ اسلامیہ پاکستان، راحت آباد، پشاور ۔ ۶ صفحات ۔

مبحث تو گزشتہ انتخابات کے بارے میں پہلے سے رہنمائی دینے کا تھا ۔ مگر اب بھی مختلف گروہوں اور عناصر کے متعلق رہنمائی مل سکتی ہے ۔

---

© rasailojaraid.com